


BRITISH COUNCIL

# SCHOOL EXAMINATIONS

(O-Level / IGCSE and A-Level)

## اسکول امتحانات

طلباء اور والدین کی رہنمائی کا کتابچہ

تعارف برائے اسکول امتحانات

**Success Tomorrow Starts Today**

Internationally Recognised Qualifications from the UK

www.britishcouncil.org.pk

# SCHOOL EXAMINATIONS

## A Guide for Parents and Students



### INTRODUCTION TO SCHOOL EXAMINATIONS

Whether you are thinking of pursuing higher studies or planning for your future career, it is likely that you will be competing in a global market. This intense competition means universities and employers expect candidates to have a solid educational foundation, demonstrated by recognisable and renowned qualifications.

### تعارف برائے اسکول امتحانات

آپ چاہے اعلی تعلیم یا پھر اپنے کیریئر کی منصوبہ بندی کے لیے سوچ رہے ہیں تو عین ممکن ہے کہ آپ کا مقابلہ عالمی سطح پر ہو۔ اس سخت مقابلے سے مراد یونیورسٹیاں اور ملازمت فراہم کرنے والے ادارے خواہشمند امیدواروں سے مستند تعلیمی معیار کے ساتھ ساتھ معروف اسناد کی توقع بھی رکھتے ہیں۔



With more than 50 years of experience in administering exams worldwide, the British Council works in partnership with UK awarding bodies, Cambridge International Examinations (CIE) & Edexcel International to promote school level UK qualifications in Pakistan. We also administer a wide range of examinations on behalf of UK awarding bodies, universities and other awarding bodies. British Council is proud of its reputation for offering a professional examinations service and a great deal of effort goes into the setting up and administering these examinations.

We ensure that we maintain the highest level of security and confidentiality of examinations materials at all times and provide the best examination conditions to make your child feel comfortable at the venue. It is always our aim to exceed the standard that other organisations strive to match. We help nearly a million people every year worldwide to achieve their life goals by obtaining a UK qualification.

دنیا بھر میں امتحانات کے اہتمام کا 50 سالہ تجربے کی حامل برٹش کونسل برطانیہ کی اعزازات نوازنے والی باڈیز، کیمبرج انٹرنیشنل ایگزامنیشنز (CIE) اور ایڈایکسل (Edexcel) انٹرنیشنل کے ساتھ شراکت کی بنیاد پر کام کرتے ہوئے پاکستان میں اسکول سطح پر برطانوی اسناد کے حصول کے فروغ کے لیے کوشاں ہے۔ ہم برطانوی اسناد دینے والی باڈیز، یونیورسٹیوں اور دیگر ایسے اداروں کے تحت امتحانات کے اہتمام کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں۔ اس حوالے سے برٹشکونسل کو امتحانات کے اہتمام کی پیشہ ورانہ خدمات اور ان امتحانات کے حصول کے تجربے میں اپنی بہترین کاوشوں اور ساکھ پر ناز ہے۔ ہم امتحانی مٹیریل کی رازداری اور حفاظت کے اعلیٰ ترین معیار کو یقینی بناتے ہوئے ہمہ وقت بہترین امتحانی ماحول کو برقرار رکھتے ہیں تاکہ آپ کا بچہ امتحانی مرکز میں خود کو مطمئن اور پرسکون محسوس کرے۔ ہماری ہمیشہ سے یہ کوشش رہی ہے کہ اپنے بہترین معیار کو برقرار رکھیں جس کو پانے کے لیے دوسرے ادارے مسلسل مصروف عمل ہیں۔ برٹش کونسل ہر سال تقریباً 10 لاکھ افراد کو اپنی زندگی کے خوابوں کی تکمیل کے لیے برطانوی اسناد کے حصول میں مدد فراہم کرتے ہیں۔

We create opportunities for young people in Pakistan to achieve their goals by improving their education and career prospects. We offer our services from our offices in Islamabad, Lahore and Karachi.

برٹش کونسل پاکستانی نوجوانوں کے لئے روزگار کے مواقع پیدا کرتی ہے تا کہ وہ تعلیم اور ملازمت میں ترقی سے اپنے مقاصد کی تکمیل کر سکیں۔اس مقصد کے لئے ہم اپنے اسلام آباد، لاہور اور کراچی کے دفاتر سے آپ کی خدمت میں مصروف عمل ہیں۔

**UK qualifications are recognised by Governments, Universities, Professional bodies and Employers around the world.**

برطانوی اسناد کو دنیا بھر کی حکومتوں، یونیورسٹیوں، پروفیشنل باڈیز اور ملازمت فراہم کرنے والے اداروں میں ایک خاص اہمیت حاصل ہے۔

This booklet addresses some of the concerns that you as parents may have for your child sitting in examinations with us. In addition, we are always happy to answer any queries that may not be covered here through our hotlines, e-mail and website. The contact details are given at the back of this booklet.

یہ کتابچہ کچھ تحفظات کی نشاندہی کرتا ہے جو کہ آپ کے ذہنوں میں بحیثیت والدین امتحانات میں شریک اپنے بچوں سے متعلق ہیں۔ہم یہاں پر پوچھے گئے سوالات کے جوابات کے علاوہ دیگر سوالات کو ہماری ہاٹ لائن، ای میل یا ویب سائٹ کے ذریعے بھی حل کرنے میں ہمیشہ خوشی محسوس کرتے ہیں۔رابطے سے متعلق تمام تر تفصیلات اس کتابچے کی پشت پر درج ہیں۔



UK qualifications are some of the most internationally recognised qualifications in the world. They are split into two levels. The General Certificate of Secondary Education (GCSE, IGCSE or O-Level) taken at around the age of 16 and the Advanced (A) Level taken at 18.

## What is the difference between GCSE and IGCSE?

IGCSE was created as a GCSE examination for international use and is tailored for a multi-cultural, multilingual audience. They are aligned to the standards of the UK GCSE and recognised by the University College Admission Service (UCAS) and universities in the UK and overseas as equivalent grade for grade with UK GCSE qualifications.

برطانوی اسناد کا شمار دنیا کی چند بین الاقوامی طور پر مستند سناد میں ہوتا ہے، انہیں دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ جنرل سرٹیفکیٹ آف سیکنڈری ایجوکیشن (جی سی ایس ای، آئی جی سی ایس ای یا او۔ لیول) 16 سال تک کی عمر میں کیا جاتا ہے جبکہ ایڈوانسڈ (A) لیول 18 سال کی عمر میں کیا جاتا ہے۔

## جی سی ایس ای (GCSE) اور آئی جی سی ایس ای (IGCSE) میں کیا فرق ہے؟

آئی جی سی ایس ای امتحانات کو بین الاقوامی سطح پر استعمال کے لیے جی سی ایس ای کو بنایا گیا ہے اور یہ مختلف ثقافتوں اور زبانوں کے لوگوں کے لیے ترتیب دیا گیا ہے۔ یہ امتحانات برطانوی جی سی ایس ای کے معیار کے مطابق ہوتے ہیں اور انہیں یونیورسٹی کالج ایڈمیشن سروس (UCAS) اور برطانوی یونیورسٹیوں کے علاوہ دیگر ممالک میں یکساں سند کا درجہ حاصل ہے۔



## What is an O-Level/IGCSE?

An O-Level/IGCSE is a school qualification in the UK, usually taken at the age of 15 or 16.You can take any number of O-Level / IGCSE examinations, depending on the qualifications that your chosen institution asks for. Most candidates in Pakistani schools take up to eight O-Level/IGCSE examinations after studying for two to three years in their chosen subjects, such as in the fields of Science, Commerce or Humanities. It is important that candidates who are considering taking more than the above number of examinations consult their school counsellor before doing so as well as their parents.

Taking on an excessive workload could result in detrimental effects on the overall results a candidate ultimately attains. Candidates in Pakistan can sit for O-Levels or IGCSE (or a combination of both). From summer 2011 Edexcel will stop offering O-Levels and replace them with IGCSE. CIE will continue to offer both O-Level and IGCSE.

## او۔لیول/ آئی جی سی ایس ای کیا ہے؟

او۔لیول/ آئی جی سی ایس ای برطانیہ میں اسکول سطح کی سند ہے۔یہ سند عام طور پر 15 سے 16 سال کی عمر میں حاصل کی جاتی ہے۔آپ اپنے منتخب ادارے کے مقررہ معیار کے مطابق او۔لیول/ آئی جی سی ایس ای امتحانات کی تعداد کا انتخاب کر سکتے ہیں۔

پاکستانی اسکولوں کے اکثر امیدوار اپنے منتخب مضامین مثلاً سائنس ،کامرس یا ہیومنٹیز کے شعبوں میں دو یا تین سال پڑھنے کے بعد او۔لیول/ آئی جی سی ایس ای کے آٹھ امتحانات تک دیتے ہیں۔یہاں پر یہ ضروری ہے کہ وہ امیدوار جو امتحانات کے مذکورہ بالا تعداد سے زائد کا سوچ رہے ہوں انہیں چاہئے کہ ایسا کرنے سے پہلے اپنے اسکول کے اساتذہ یا کونسلر اور والدین سے مشورہ کریں۔

یہ بات بھی ذہن نشین ہو کہ کام کا اضافی بوجھ لینے کا نتیجہ امیدوار کے مجموعی نتائج پر منفی اثرات مرتب کر سکتا ہے۔پاکستانی امیدوار او۔لیول یا آئی جی سی ایس ای (یا دونوں کو ایک کر کے) امتحان میں بیٹھ سکتے ہیں۔ 2011 کی گرمیوں سے ایڈ ایکسل ،او۔لیول میں داخلے روک دے گا اور اس کی جگہ پر آئی جی سی ایس ای آ جائے گا۔

(CIE) سی آئی ای،او۔لیول اور آئی جی سی ایس ای دونوں میں داخلے جاری رکھے گا۔





## Why should I take an O-Level / IGCSE?

Eight O-Levels/IGCSE are equivalent to the Pakistan Secondary School Certificate (SSC) but many parents and guardians are aware that UK qualifications have a much wider recognition and acceptance outside Pakistan. They also consider that the style of learning and assessment provide a better foundation for future success.

## What is an A-Level?

An A-Level is an Advanced level GCE qualification. This examination is normally taken after two years of A-Level study, following the O-Level/IGCSE examinations. You can take any number of A-Level examinations; in the UK, most college candidates take three or four A-Level examinations for their final two years of study. The number of A-Levels you take will often depend on the qualifications that the university you have chosen requires.

## Why should I take A-Level?

A-Level results can open doors for you to undergraduate studies at some of the best higher educational institutions in the world, and to a wide range of professional and vocational courses that can help build your skills for an exciting and rewarding career.

## میں او۔لیول / آئی جی سی ایس ای میں داخلہ کیوں لوں؟

آٹھ او۔لیول / آئی جی سی ایس ای پاکستانی ثانوی اسکول سرٹیفکیٹ (SSC) کے یکساں ہے لیکن کئی والدین اور سرپرست اس بات کو اچھی طرح سمجھتے ہیں کہ برطانوی اسناد کو پاکستان سے باہر زیادہ اہمیت دی جاتی ہے اور زیادہ مستند مانا جاتا ہے۔ وہ یہ بھی سمجھتے ہیں کہ سکھانے کا طریقہ کار اور تعین کامیاب مستقبل کے لئے بہتر بنیاد فراہم کرتے ہیں۔

## اے۔لیول کیا ہے؟

اے۔لیول، جی سی ای سند کی اعلیٰ (ایڈوانس) سطح ہے۔ یہ امتحان عام طور پر او۔لیول / آئی جی سی ایس ای امتحانات کے بعد، دو سال اے۔لیول میں پڑھنے کے بعد لیا جاتا ہے۔ آپ اے۔لیول کے لیے جتنے چاہیں امتحانات لے سکتے ہیں، جبکہ برطانیہ میں کالج کے اکثر طلباء اپنی دوسالہ آخری پڑھائی کے لئے تین یا چار اے۔لیول امتحانات لیتے ہیں آپ کی طرف سے اے۔لیول امتحانات کا تعین آپ کی منتخب کردہ یونیورسٹی کی طلب پر ہوتا ہے۔

## میں اے۔لیول میں داخلہ کیوں لوں؟

اے لیول کے نتائج آپ کے لئے دنیا کے بہترین تعلیمی اداروں میں انڈر گریجویٹ تعلیم، پیشہ ورانہ اور ووکیشنل کورسز کے دروازے کھول دیتے ہیں، جس سے آپ کو بہترین کیریئر کے لئے عمدہ مہارتوں کے حصول میں مدد ملتی ہے۔

A-Level qualifications are also accepted at nearly all national and private universities in Pakistan. Please contact the universities directly for information.

اے۔لیول اسناد پاکستان کی تمام سرکاری اور نجی یونیورسٹیوں میں بھی قبول کی جاتی ہیں، اس مقصد کے لئے بالواسطہ یونیورسٹیوں سے رابطہ کریں۔

## What subjects can I take?

Please contact us for an updated list of the subjects currently on offer. However, if you are considering taking up any specialist subject, which may require special facilities or accredited examiners, please contact us well in advance to find out whether you are able to sit for that examination in Pakistan.

## میں کون سے مضامین میں داخلہ لے سکتا ہوں؟

برائے مہربانی پیش کئے جانے والے مضامین کی تازہ ترین فہرست کیلئے ہم سے رابطہ کریں۔ اگر آپ کسی خاص مضمون کے لئے سوچ رہے ہیں جس کے لئے خاص طور پر سہولیات اور معتمد ممتحن (ایکریڈیٹڈ ایگزامنر) کی ضرورت درکار ہو تو اس کے لئے ہم سے پیشگی رابطہ کریں تا کہ اس بات کا اطمینان کر لیا جائے کہ آپ پاکستان میں وہ امتحان دے سکتے ہیں یا نہیں۔



## What is the difference between Edexcel and CIE?

The UK has five awarding bodies offering school level qualifications. Schools and colleges are able to freely choose between them on a subject-by-subject basis. Many schools use a mixture of awarding bodies.

Edexcel and CIE offer O, A and IGCSE qualifications in Pakistan. Their school examinations follow the standards and criteria set by the UK Qualifications and Curriculum Authority (QCA) and are recognised by employers and universities across the world.

The awarding bodies differ in the number of subjects that they offer, the contents of the syllabus and the ways in which they set their examinations.

## ایڈ ایکسل اور سی آئی ای میں کیا فرق ہے؟

برطانیہ میں اسکول اسناد دینے والے پانچ ادارے ہیں۔ کالج اور اسکول مضامین کے اعتبار سے ان میں سے کسی بھی ایک کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ کئی اسکول اسناد دینے والی ان باڈیز کو مشترکہ طور پر بھی استعمال کرتے ہیں۔

ایڈ ایکسل اور سی آئی ای پاکستان میں او۔ اے لیول اور آئی جی سی ایس ای کی ڈگریاں پیش کرتے ہیں۔

ان کے اسکول امتحانات میں برطانیہ کی کوالفیکیشنز اینڈ کریکیولم اتھارٹی (QCA) کے قائم کردہ معیار اور اصولوں پر عمل درآمد کیا جاتا ہے اور ان کے امتحانات کو دنیا بھر کی یونیورسٹیوں اور ملازمت دینے والے اداروں میں قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ اسناد تفویض کرنے والی یہ باڈیز اپنے پیش کردہ مضامین کی تعداد، نصاب کے مندرجات اور امتحانات کے طریقوں کے اعتبار سے ایک دوسرے سے مختلف ہوتی ہیں۔

## Does it make any difference which board I sit my examinations under?

No. If a university, employer or government accepts O-Levels, IGCSE, GCSE and A-Levels they will not specify which board awarded the certificate. Your school will choose which board you will sit under after considering a number of factors such as the subjects on offer, the syllabus, the style of the examinations, the availability of resources, the preferences of the school governing board, teachers and parents.

## Where are my examinations marked?

All O, A and IGCSE examination papers for the whole world are marked in the UK by examiners appointed, trained and monitored by the boards.


## کیا کسی ایک بورڈ کے تحت امتحان دینے سے کوئی فرق پڑتا ہے؟

نہیں! اگر کوئی یونیورسٹی، ملازمت دینے والا یا حکومت او لیول، آئی جی سی ایس ای یا اے لیول کو قبول کرتا ہے تو وہ اعتراض نہیں کرے گا کہ کس بورڈ نے سرٹیفکیٹ جاری کیا ہے۔ آپ کا اسکول ہی آپ کے لئے بورڈ کا انتخاب کرے گا وہ بھی کئی عوامل جیسا کہ پیش کردہ مضامین نصاب، امتحانات کا طریقہ، سہولیات کی فراہمی، اسکول انتظامیہ، اساتذہ اور والدین کی ترجیحات کا جائزہ لے کر ہی بورڈ منتخب کرے گا۔

## میرے امتحانی پرچہ جات کہاں چیک کئے جاتے ہیں؟

دنیا بھر سے تمام او، اے۔ لیول اور آئی جی سی ایس ای کے امتحانی پرچہ جات برطانیہ میں چیک کئے جاتے ہیں۔ اس مقصد کے لئے ممتحن (ایگزامنر) کا تقرر، ان کی تربیت اور مانیٹرنگ بورڈ کی طرف سے کی جاتی ہے۔





## Can examiners be biased towards certain countries?

No, examiners mark scripts from all over the world. They have no way of knowing where the script came from. As candidates are only identified by a number, the examiner also has no way of knowing the identity of the candidate.

## کیا ممتحن (ایگزامنر) کو کچھ مخصوص ممالک سے تعصب ہوسکتا ہے؟

نہیں! ممتحن (ایگزامنر) پوری دنیا کے پرچہ جات کو چیک کرتے ہیں ۔انہیں اس بات کا علم ہی نہیں ہوتا کہ یہ پرچہ کہاں سے آیا ہے، چونکہ امیدوار صرف اور صرف نمبر سے پہچانے جاتے ہیں اس لئے ممتحن (ایگزامنر) کے پاس کسی امیدوار کو پہچاننے کا ذریعہ ہی نہیں ہوتا۔

## Do I have to register through a school?

Students who are enrolled at a registered school are normally expected to enter for their examinations through their school as a school candidate. However, a prospective candidate does not have to register through a school. You can register online with the British Council as a private candidate, and can take the examination.

## کیا مجھے کسی اسکول سے رجسٹر ہونا پڑے گا؟

وہ تمام طلباء جو رجسٹرڈ اسکول میں داخل ہوتے ہیں عموماً ان کے اپنے اسکول کی طرف سے ہی اسکول امیدوار کے طور پر امتحان میں شامل کرنے کی توقع کی جاتی ہے۔ جبکہ عام طور پر کسی امیدوار کو اسکول کے ذریعے رجسٹر ہونے کی ضرورت نہیں ہوتی، آپ برٹش کونسل سے بطور پرائیویٹ امیدوار بذریعہ آن لائن رجسٹر ہوسکتے ہیں اور امتحان دے سکتے ہیں۔



The services provided to private candidates throughout the entire process are exactly the same as what a candidate from a recognised school would get. Just because you want to register independently does not mean that things will become harder for you.

## Will having foreign qualifications make it harder for me to find a job in Pakistan?

No. The majority of employers welcome O-Level /IGCSE and A-Levels. Many prefer staff from an A-Level background as they appreciate the analytical and problem solving skills which are a key part of success in UK qualifications. This is especially true for international organisations.

## Do I need to sit for practical examinations?

Whether you are following CIE or Edexcel curriculum for science subjects such as Chemistry, Biology and Physics, you will not be required to take practical examinations at O-Level but instead will need to take 'alternative to practical' units to demonstrate that you have completed practical syllabus during your course of study in school. However you will be required to sit for a practical examination when sitting for Science A-Level subjects.

پرائیویٹ امیدوار کو حاصل ہونے والی سہولتیں بالکل وہ ہی ہوتی ہیں جو اس تمام عمل کے دوران کسی مستند اسکول کے ذریعے رجسٹر ہونے والے امیدوار کو حاصل ہوتی ہیں۔ ایسا نہیں ہوتا کہ اگر آپ نے انفرادی طور پر رجسٹریشن لی تو آپ کے لئے معاملات مشکل ہو جائیں گے۔

## اگر میرے پاس غیر ملکی سند ہو گی تو کیا پاکستان میں میرے لئے نوکری لینا مشکل ہو گا؟

نہیں! بلکہ ملازمت دینے والوں کی اکثریت او۔لیول آئی جی سی ایس ای اور اے۔لیول کو خوش آمدید کہتی ہے۔ ان میں سے اکثر اے۔لیول کا پس منظر رکھنے والے امیدواروں کو ترجیح دیتے ہیں کیونکہ وہ برطانوی اسناد کے حامل امیدواروں میں کامیابی کے اہم جز، ماہرانہ اور مسائل حل کرنے کی صلاحیت کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، اور یہ خاص طور پر عالمی اداروں کا خاصہ ہے۔

## کیا مجھے پریکٹیکل امتحانوں میں بیٹھنا پڑے گا؟

سائنس مضامیں مثلاً کیمسٹری، بائیولوجی اور فزکس کے لئے چاہے آپ سی آئی ای یا ایڈ ایکسل کا نصاب پڑھ رہے ہوں، آپ کو او۔لیول میں پریکٹیکل امتحان دینے کی ضرورت نہیں ہو گی لیکن اس کی جگہ 'پریکٹیکل کے نعم البدل' یونٹس لینے کی ضرورت ہو گی تا کہ آپ اس کا اظہار کر سکیں کہ اسکول میں پڑھائی کے دوران آپ نے پریکٹیکل نصاب مکمل کیا ہے جبکہ سائنس اے۔لیول مضامین کے امتحان میں بیٹھنے کے لیے آپ کو لازمی طور پر پریکٹیکل امتحان میں بیٹھنا پڑے گا۔



## SOME FACTS ABOUT OUR EXAMINATION ADMINISTRATION

### How do we choose the venues?

We go to great lengths to identify suitable premises which meet the UK boards' and British Council regulations before contracting them as examination venues. This process starts about six months before the examination session. We choose our venues based on a number of factors including size, location, lighting, air conditioning, generator support and other facilities. But above all in light of the terror threat currently prevailing, we consider very carefully the security of the venue.

## ہماری امتحانی انتظامیہ سے متعلق چند حقائق

### ہم امتحانی مراکز کا انتخاب کیسے کرتے ہیں؟

ہم امتحانی مرکز کے لئے معاہدہ کرنے سے پہلے اس بات کی پوری کوشش کرتے ہیں کہ وہ جگہ بہتر ہونے کے ساتھ ساتھ برطانوی بورڈز اور برٹش کونسل کے شرائط وضوابط پر پوری اترتی ہو۔ یہ عمل امتحانات سے 6 مہینے پہلے ہی شروع ہو جاتا ہے۔ اس کے لئے ہم جگہ کا انتخاب، اس کی گنجائش، محل وقوع، روشنی، ایئر کنڈیشننگ بمع جنریٹر اور دیگر سہولیات کو مدنظر رکھتے ہیں۔ ان سب سے بڑھ کر موجودہ حالات میں دہشت گردی کے خطرات کے پیش نظر ہم خاص طور پر حفاظتی انتظامات کا جائزہ لیتے ہیں۔

**All venues are either air-conditioned or cooled using ceiling fans or similar. If you are worried about being too cold, please bring a jumper or top with you.**

تمام مراکز ایئر کنڈیشنڈ یا چھت کے پنکھوں یا کسی دیگر انتظام سے ٹھنڈے کیے جاتے ہیں اگر آپ کو زیادہ ٹھنڈ کا گمان ہو تو برائے مہربانی اپنے لے کوئی سویٹر یا اوڑھنی ساتھ لائیں۔

## What is not permitted inside the exam hall?

- Mobile phones
- Any digital devices (iPods, MP3 players, pagers, etc.)
- Clip boards
- Books, notes, dictionaries or writing materials (unless otherwise instructed)
- Non-transparent pencil cases
- Programmable calculators
- Calculator cases
- Food/drinks/sweets



## امتحانی ہال میں کون سی چیزوں پر پابندی ہے؟

- موبائل فون
- کوئی بھی ڈجیٹل ڈوائس (آئی پوڈز، MP3 پلییئر، پیجر وغیرہ)
- کلپ بورڈز
- کتابیں، نوٹس، ڈکشنریز یا کوئی لکھا ہوا مواد (بشرطیکہ کوئی ہدایت نہ کی گئی ہو)
- رنگین پینسل بکس
- پروگرام کیے جانے والے کلکیولیٹر
- کلکیولیٹر کے بکس وغیرہ
- کھانے، مشروبات، مٹھائیاں



## How are the examinations conducted?

In addition to our dedicated staff who are present at all venues to assure standards at every examination session, we have hundreds of experienced and professional invigilators. They all go through vigorous recruitment and professional training on examination administration every year. Some of our invigilators are doctors, university professors, teachers and engineers in their professional lives.

We ensure that all of our invigilators are neutral and are not connected in any way with the candidates sitting for the examination at the same venue. For example, where we use school teachers we ensure that they have not been involved preparing any of the candidates for their examinations.

We ensure that all our support staff including security are fully trained; every venue has at least one member of staff who is a trained First –Aider, though often there are more trained staff available to assist.

## امتحانات لینے کا طریقہ کار کیا ہے؟

تمام امتحانی مراکز پر اپنے معیار کو یقینی بنانے کیلئے ہر امتحان میں ہمارے مخلص اسٹاف کے علاوہ سینکڑوں تجربہ کار اور ماہر انوجیلیٹر موجود ہوتے ہیں۔ یہ تمام افراد ہر سال امتحانی انتظامیہ کی پیشہ ورانہ تربیت اور بھرتی کے سخت عمل سے گزرتے ہیں۔ ہمارے کچھ انوجیلیٹرز تو ڈاکٹر، یونیورسٹی پروفیسر، اساتذہ اور انجینئر بھی ہیں۔

ہم اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ ہمارے انوجیلیٹرز غیر جانبدار رہیں اور امتحانی مرکز میں موجود امیدواروں کے ساتھ ان کا کوئی تعلق نہ ہو۔ مثلاً جہاں ہر اسکول اساتذہ کو استعمال کرتے ہیں تو وہاں اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ وہ طلباء کی امتحانی تیاری میں شامل نہیں رہے ہوں۔

برٹش کونسل اس بات کو بھی یقینی بناتی ہے کہ ہمارا تمام معاون اسٹاف بشمول سیکیورٹی عملہ مکمل طور پر تربیت یافتہ ہے اور ہر مرکز پر کم از کم ایک رکن لازمی طور پر ابتدائی طبی امداد کے لیے تربیت یافتہ ہو حالانکہ ہر مرکز پر ایک سے زائد تربیت یافتہ ارکان معاونت کے لئے موجود رہتے ہیں۔



# QUICK TIPS FOR PARENTS

1. Chances are your child understands how important his/her examinations are, so make sure you do not stress them out too much. Give them the space they need to study, and help them if they ask for it, but make sure you do not put them under too much pressure - it can seriously affect their performance! Your child can only do his/her best, so the most important thing you can tell them is that you are more concerned about their welfare, rather than their results.

2. Your child needs a dedicated quiet study area with enough lighting to help them study. If you have younger children as well, please make sure they understand how important the examinations are, so they do not bother their siblings during study times.

3. Make sure you know the date, time and location of your child's examinations so that you can help him or her develop an effective study schedule. It is advisable that you visit the venue at least a day before your child's first exam.

4. Breaks are important! Give your child at least one evening away from the books every week, and make sure they take frequent short breaks while studying.

5. You would be amazed how important diet is for a candidate - make sure they eat healthy foods, and avoid excessive sugar and junk food.

6. If your child has a chronic medical condition, like diabetes or asthma or if there is a family emergency, make sure the Examinations staff know about it.



Special arrangements can be made if we are given sufficient notice. Your child's success is our top priority, and so we are more than happy to help you any way we can.

7. Your child may have two examinations scheduled at the same time (a clash), this will be mean that the timing will be slightly different. Make sure you know what arrangements have been made for this. However you should note that that the BC will not make special arrangements if the examinations are from different awarding bodies.

*Source: Edexcel International website*

# والدین کے لیے ضروری مشورے

1۔آپ کے بچوں میں سے اکثریت یہ سمجھتی ہے کہ ان کے لیے امتحانات کتنے اہم ہیں، اس لیے اس بات کو یقینی بنائیں کہ بہت زیادہ ان پر دباؤ نہ بڑھایا جائے۔ پڑھائی کے لیے ان کو مطلوبہ جگہ فراہم کی جائے۔ اگر وہ کہیں تو اس سلسلے میں ان کی مدد کریں۔لیکن ان پر بہت زیادہ دباؤ نہ ڈالیں کیونکہ یہ ان کی کارکردگی پر خطرناک اثرات مرتب کرسکتا ہے۔آپ کا بچہ صرف اپنی بہترین کارکردگی ہی دکھا سکتا ہے۔ اس لیے سب سے زیادہ اہمیت کی بات یہ ہے کہ آپ انہیں یہ ضرور بتائیں کہ آپ کو ان کے نتائج سے زیادہ ان کی بھلائی عزیز ہے۔

2۔آپ کے بچے کو پڑھائی کے لیے پرسکون ماحول اور مناسب روشنی والی جگہ درکار ہوتی ہے۔اگر آپ کے ہاں چھوٹے بچے ہیں تو انہیں سمجھائیں کہ امتحانات کتنے اہم ہوتے ہیں تاکہ پڑھائی کے دوران وہ اپنی شرارتوں سے باز رہیں اور اپنے بہن بھائیوں کو پڑھائی کے دوران تنگ نہ کریں۔

3۔آپ اس بات کو بھی یقینی بنائیں کہ آپ کے بچے کا امتحانی شیڈول، تاریخ، وقت اور مقام آپ کو بھی معلوم ہو تاکہ آپ پڑھائی کے شیڈول میں اس کی مدد کرسکیں۔یہ بھی مشورہ دیا جاتا ہے کہ آپ اپنے بچے کے امتحانی مرکز کا مقررہ تاریخ سے ایک دن پہلے چکر لگالیں۔

4۔پڑھائی کے دوران وقفے اہم ہوتے ہیں: ہفتے میں کم از کم ایک شام اپنے بچوں کو کتابوں سے دور رکھیں اور اس بات کو بھی یقینی بنائیں کہ وہ پڑھائی کے دوران چھوٹے چھوٹے وقفے لے رہے ہیں۔

5۔آپ حیران ہوں گے کہ کسی امیدوار کے لیے غذا کتنی اہم ہے۔اس بات کو یقینی بنائیں کہ وہ صحت مند غذا کھا رہا ہے۔مرغن غذاؤں اور ضرورت سے زیادہ میٹھی چیزوں سے پرہیز کریں۔

6۔اگر آپ کے بچے کو کوئی بیماری ہے جیسا کہ ذیابیطس یا دمہ یا گھر میں کوئی ایمرجنسی ہو جائے تو اس سے متعلق امتحانات کے اسٹاف کو آگاہ



کردیں۔اگر ہمیں مناسب طریقے سے آگاہ کیا جائے گا تو ایسی صورت میں خصوصی انتظامات ہوسکتے ہیں۔آپ کے بچے کی کامیابی ہماری اولین ترجیح ہے اور ہم آپ کی کسی بھی صورت میں مدد کرنے پر خوشی محسوس کرتے ہیں۔

7۔آپ کے بچے کے ایک ہی وقت میں دو امتحانات ہوسکتے ہیں اس کا مطلب ہے کہ ٹائم لازمی طور پر مختلف ہوگا۔اس سلسلے میں آپ یقینی بنائیں کہ کیا انتظامات کیے گئے ہیں تاہم یہ بات نوٹ فرمالیں کہ مختلف ایوارڈنگ باڈیز کے امتحانات کی صورت میں برٹش قونصل کوئی خصوصی انتظامات نہیں کرے گی۔

ذریعہ: ایڈایکسل انٹرنیشنل ویب سائٹ۔

# QUICK TIPS FOR STUDENTS

1. Let's face it, Examinations are stressful. But do not worry; the more you stressout, the worse it gets. You will be amazed what a relaxed state of mind can do to your results. So, please relax, take it easy, and make sure you are prepared ahead of time.

2. Create a revision timetable with sensible work slots and then show it to your parents. But make sure you include enough short breaks! Your parents will only worry when they are not sure what you are doing, or if you do not seem to have to have a plan. Organise yourself well and it will help you fulfill your potential.

3. Allocate your time wisely! You have to get a chance to revise for all subjects. So allocate hours to each subject and topics that you need to cover for the next two days.

4. Know where your examinations are and when they start, how long they are, what equipment you are allowed to take in (for example calculators) and what you are not allowed to take in (mobiles, notes etc.).

5. If you don't feel comfortable revising,get your family to help you. You will be amazed how important you can make them feel, and at the same time, you will get your revision done.

6. It is important you are fit and well before the examinations. So make sure you eat and sleep properly. A lack of sleep and a poor diet will only make things worse. So take a deep breath, get your sleep right, eat right and you will feel energetic and alert.



7 Make sure you have the things you need for the examination the evening before. This will ensure you do not panic the morning of the examination!

8 Relax for a while right before your examinations. Watch some TV, take a walk or simply lay back and de-stress. You don't want to confuse yourself and feel pressured by last minute cramming.

9 Take it easy. Be confident and walk into the examination hall - we are here to greet you and be with you through it all.

10 Be prepared. You are going to have to sit still and concentrate. Make sure you are wearing something comfortable and appropriate - this is even more important it you are doing a practical examination. If you are concerned that you may get too cold, please bring a jumper with you.

*Source: Edexcel International website*

# طلبہ کے لیے ضروری مشورے

